**سیکنڈری اسکول پلیسز ایلوکیشن سسٹم 2023/2025**
**سیکنڈری ون صوابدیدی جگہوں کے لیے درخواست پر والدین کے لیے نوٹس**

پرائمری 6 طلباء کے والدین جو کہ سیکنڈری اسکول پلیسز ایلوکیشن (SSPA) سسٹم 2023/2025 کے ذریعے سیکنڈری 1 (S1) صوابدیدی جگہوں (DP) کے لیے درخواست دینا چاہتے ہیں انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ اس دستاویز (نوٹس برائے والدین) کو بغور پڑھیں اور سیکنڈری ون صوابدیدی جگہوں کے لئے درخواست فارم (درخواست فارم) اور اس سے وابستہ یاد رکھنے کے نکات سے رجوع کریں۔

.2 ایجوکیشن بیورو (EDB) نے S1 داخلوں کی ڈیجیٹلائزیشن کو نافذ کیا ہے۔ EDB والدین کو ترغیب دیتا ہے کہ وہ S1 درخواست کے پورے عمل کے دوران زیادہ آسان اور تیز خدمات کے لیے جلد از جلد "iAM Smart+" کے ساتھ اندراج کریں۔ والدین "iAM Smart+" رجسٹریشن کے بارے میں تفصیلات کے لیے "iAM Smart" موضوعاتی ویب سائٹ پر جا سکتے ہیں یا "iAM Smart" موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے نیچے دیے گئے QR کوڈ اسکین کر سکتے ہیں۔

**"iAM Smart" موضوعاتی ویب سائٹ**
(https://www.iamsmart.gov.hk/en/)
(Home > "iAM Smart" Registration > Registration Methods :منتخب کریں)

.3 ایسے والدین کے لیے جو SSPA e-Platform صارفین کے طور پر مندرج ہیں اور ان کے اکاؤنٹ "iAM Smart+" سے وابستہ ہیں، وہ کاغذی درخواست فارم کے علاوہ، SSPA e-Platform کے ذریعے DP درخواستیں جمع کرا سکتے ہیں۔ والدین نیچے دیئے گئے QR کوڈ کو اسکین کرسکتے ہیں اور اپنے بچے کے اسٹوڈنٹ ریفرنس نمبر کے ساتھ ساتھ پرائمری اسکولوں کے ذریعہ تقسیم کردہ ایکٹیویشن کوڈ کے ساتھ ایک SSPA e-Platform کے لیےاکاؤنٹ رجسٹر کرسکتے ہیں۔ SSPA e-Platform اکاؤنٹ بنانے اور لاگ ان کے طریقہ کار کے لیے، براہ کرم EDB کے ہوم پیج (www.edb.gov.hk) پر اپ لوڈ کردہ متعلقہ ویڈیوز اور والدین کے لیے گائیڈ ملاحظہ کریں (منتخب کریں: Home > Education System and Policy > Primary and Secondary Education > School Places Allocation Systems > Secondary School Places Allocation (SSPA) System > Digitalisation of S1 Admission > SSPA e-Platform Parent's Guide)۔

**SSPA e-Platform**
(https://esspa.edb.gov.hk)

**تقاضا جات**

4. قطع نظر اس کے کہ درخواستیں SSPA e-Platform یا کاغذی درخواست فارم کے ذریعے جمع کرائی گئی ہوں، ہر طالب علم سیکنڈری ون صوابدیدی جگہوں کے لیے درخواست کی ہینڈ بک (Handbook) میں مندرج **<u>دو سے زیادہ</u>** شریک سیکنڈری اسکولوں میں درخواست نہیں دے سکتا۔ بصورت دیگر، **<u>DP کی درخواستیں باطل قرار دی جائیں گی</u>**۔ براہ کرم نوٹ کریں کہ اگر والدین نے SSPA e-Platform کے ذریعے درخواست جمع کرائی ہے، تو انہیں کاغذی درخواست فارم کی صورت میں سیکنڈری اسکول میں دہری درخواست جمع نہیں کروانی چاہیئں، اور اس کے برعکس بھی نہیں کرنا چاہیے۔ اگر والدین نے دہری درخواستیں جمع کرائی ہوں (یعنی SSPA e-Platform اور کاغذی درخواست فارم دونوں کے ذریعے ایک ہی درخواست نمبر والی درخواستیں ایک ہی سیکنڈری اسکول میں جمع کرائی ہوں) تو، ان درخواستوں کو صرف ایک درخواست کے طور پر شمار کیا جائے گا۔ پس، دہری درخواستیں جمع کروانے سے اسکول کے مختص کیے جانے کے امکانات میں اضافہ نہیں ہو گا۔ علاوہ ازیں، والدین کو SSPA e-Platform کے ذریعے اور کاغذی شکل میں دو مختلف سیکنڈری اسکولوں میں ایک ہی درخواست نمبر والی درخواستیں جمع نہیں کرانی چاہئیں۔ بصورت دیگر، **<u>ان کے بچے کی DP درخواستیں باطل قرار دی جائیں گی</u>**۔

5. ہینڈ بک کو EDB کے ذریعے شائع کیا گیا ہے اور والدین کے حوالہ کے لیے پرائمری اسکولوں کو اس دن فراہم کی جائے گی جب درخواست فارم اور نوٹس برائے والدین تقسیم کیے جائیں گے۔ والدین EDB کے ہوم پیج (www.edb.gov.hk) کا وزٹ بھی کر سکتے ہیں (منتخب کریں: Home > Education System and Policy > Primary and Secondary Education > School Places Allocation Systems > Secondary School Places Allocation (SSPA) System) تاکہ فہرستیں ڈاؤن لوڈ کر پائیں یا EDB کے 24-گھنٹہ آٹومیٹک ٹیلی فون انکوائری سسٹم کے نمبر 2891 0088 پر کال کریں (دبائیں 2 (English) > 5 (Fax Services) > 04 (Secondary School Places Allocation System: School Lists)) تاکہ بذریعہ فیکس فہرستیں لی جا سکیں۔

6. دو سے زیادہ تجاوز نہ کرنے والے شریک سیکنڈری اسکولوں میں DP درخواستوں کے کیے جانے سے ہٹ کر، طلباء S1 جگہ کے لیے Jockey Club Ti-I College[1] اور ڈائریکٹ سبسڈی اسکیم (DSS) سیکنڈری اسکولز میں درخواست دے سکتے ہیں جو کہ SSPA سسٹم (NDSS secondary schools)[2] میں شرکت نہ کر رہے ہوں۔

**درخواست کی مدت**

7. DP درخواست کی مدت تمام شریک سیکنڈری اسکولوں کے لیے یکساں ہو گی۔ **<u>جو کہ 2 جنوری (جمعرات) سے شروع ہو کر 16 جنوری 2025 (جمعرات) تک ہو گی، جن میں دونوں تاریخیں شامل ہیں</u>**۔ جہاں تک انفرادی اسکولوں کے اوقات کار کا تعلق ہے،استفسارات براہ راست اسکولوں سے کی جانی چاہیے۔

[1] Jockey Club Ti-I College میں S1 داخلے کے حوالے سے درخواست کی مدت 2 جنوری (جمعرات) سے 20 جنوری 2025 (پیر) ہے۔ اگر طلباء Jockey Club Ti-I College میں اپنی درخواست میں کامیاب ہو جاتے ہیں تو انہیں، SSPA سسٹم کے تحت، DP یا سینٹرل ایلوکیشن CA میں جگہ تفویض نہیں کی جگہ جائے گی ۔ اگر وہ اپنی درخواست میں ناکام رہیں تو، وہ اس کے باوجود بھی S1 جگہ کی تفویض کے لیے SSPA سسٹم سے گزر سکتے ہیں۔

[2] NDSS secondary schools کی اپنی درخواست کی مدت ہوتی ہے۔ براہ مہربانی تفصیلات کے لیے متعلقہ اسکولوں سے براہ راست رابطہ کریں۔ چونکہ NDSS secondary schools کے لیے طالب علم کی طرف سے درخواست دیے جانے کے حوالے سے تعداد کی کوئی حد نہیں ہے، اس لڑکا/لڑکی کو کئی NDSS secondary schools کی طرف سے قبول کیا جا سکتا ہے۔ تاہم، بشرط یہ کہ والدین نے پیشکش کرنے والے اسکولز میں سے ایک کے حوالے سے دستخط شدہ والدین کے حلف نامے اور Primary 6 Student Record Form کی اصل حوالے کر دی ہوں تو، یہ NDSS secondary school کی طرف سے پیشکش کردہ S1 جگہ کی قبولیت کے لیے بطور تصدیق اور SSPA سسٹم کے ذریعے کسی دیگر سبسڈی شدہ S1 پلیسز ( بشمول شریک سیکنڈری اسکولز کی S1 جگہوں اور Jockey Club Ti-I College) کے ترک کرنے کے معاہدے کے طور پر کام کرے گا. اسکول اپریل 2025 کے آخر تک والدین کے فیصلے سے EDB کو مطلع کرے گا۔ NDSS secondary schools سے کامیاب ہونے والے شریک طلباء کی فہرستوں کی وصولی کے بعد، EDB SSPA سسٹم کے ذریعے فہرست میں موجود طلباء کو دیگر سیکنڈری اسکولوں میں جگہ تفویض نہیں کرے گا۔ جہاں تک SSPA 2023/2025 میں شرکت نہ کرنے والے DSS سیکنڈری سکولوں کی فہرست کا تعلق ہے، والدین اپنے بچوں کے پرائمری سکولوں سے رجوع کر سکتے ہیں۔ والدین EDB کے ہوم پیج (www.edb.gov.hk) کا وزٹ بھی کر سکتے ہیں (منتخب کریں: Home > Education System and Policy > Primary and Secondary Education > School Places Allocation Systems > Secondary School Places Allocation (SSPA) System) تاکہ فہرستیں ڈاؤنلوڈ کر پائیں یا EDB کے 24-گھنٹہ آٹومیٹک ٹیلی فون انکوائری سسٹم کے نمبر 2891 0088 پر کال کریں (دبائیں 2 (English) > 5 (Fax Services) > 04 (Secondary School Places Allocation System: School Lists)) تاکہ بذریعہ فیکس فہرستیں لی جا سکیں۔

**درخواست کا طریقہ کار**

.8 والدین کو انتخاب کرنا چاہیے کہ آیا وہ DP کے لیے درخواست دینا چاہتے ہیں۔ جو والدین SSPA e-Platform صارفین کے طور پر مندرج ہوں اور ان کے اکاؤنٹ "iAM Smart+" سے وابستہ ہوں، تو وہ کاغذی درخواست فارم کے علاوہ، SSPA e-Platform کے ذریعے DP درخواستیں جمع کروا سکتے ہیں۔

### *(a) SSPA e-Platform کے ذریعے درخواستیں جمع کرانا*

.9 اگر والدین SSPA e-Platform کے ذریعے DP درخواستیں دینا چاہتے ہیں تو، انہیں ذیل کے طریقہ کار کی پیروی کرنی چاہیے:

(i) SSPA e-Platform[3] میں لاگ ان کریں۔ SSPA e-Platform اکاؤنٹ بنانے اور لاگ ان کے طریقہ کار کے لئے، براہ کرم بائیں طرف QR کوڈ کو اسکین کریں یا EDB کے ہوم پیج (www.edb.gov.hk) پر اپلوڈ شدہ ویڈیوز اور رہنمائے والدین سے رجوع کریں (منتخب کریں: Home > Education System and Policy > Primary and Secondary Education > School Places Allocation Systems > Secondary School Places Allocation (SSPA) System > Digitalisation of S1 Admission> SSPA e-Platform Parent's Guide)۔

(ii) DP کے پیج میں داخل ہونے کے لیے "Apply Now" کو منتخب کریں۔

(iii) اسکول کی ترجیح کی ترتیب (یعنی کہ اسکول کی ترجیح کی ترتیب 1 یا اسکول کی ترجیح کی ترتیب 2) ان سیکنڈری اسکولوں کے لیے منتخب کریں جن کے لیے آپ درخواست دینے کا ارادہ رکھتے ہوں۔

(iv) "Name of Secondary School Applied to" منتخب کریں / داخل کریں۔

(v) اسکول کی طرف سے مطلوبہ رابطے کی معلومات کو پر کریں، بشمول خط و کتابت کا پتہ، رابطہ ٹیلی فون نمبر اور ای میل ایڈریس۔

(vi) طالب علم کی شناختی دستاویز(دستاویزات)[4] (مثال کے طور پر، ہانگ کانگ شناختی کارڈ، ہانگ کانگ برتھ سرٹیفکیٹ یا دیگر شناختی دستاویزات) کی ایک کاپی اپ لوڈ کریں۔ (لازمی) سیکنڈری اسکول کے حوالہ کے لیے۔

(vii) دستاویز کے زمرے کی بنیاد پر متعلقہ فولڈروں میں سیکنڈری اسکول کی طرف سے درکار دستاویزات اپ لوڈ کریں (مثال کے طور پر، تکمیل شدہ اسکول پر مبنی درخواست فارم، رپورٹ کارڈ کی کاپیاں اور سرٹیفکیٹ اور ایوارڈز کے ریکارڈ)۔

(viii) یقینی بنائیں کہ "Name of Secondary School Applied to"،اسکول کی ترجیح کی ترتیب اور اپ لوڈ کردہ دستاویزات درست ہیں۔

(ix) "Points to Note on Application for Secondary One Discretionary Places" کے ساتھ ساتھ EDB اور متعلقہ سیکنڈری اسکول کے "Personal Information Collection Statement" کی تفہیم کو تسلیم کریں۔

(x) "iAM Smart+" کے ساتھ ڈیجیٹل طور پر دستخط کرنے کی تصدیق کریں۔

(xi) "iAM Smart+" کے ساتھ ڈیجیٹل طور پر سائن کرنے کے بعد، "Confirm and Submit" پر کلک کریں اور پھر درخواست کے طریقہ کار کو مکمل کرنے کے لئے "Yes" پر کلک کریں۔

(xii) چیک کریں کہ آیا منتخب کردہ اسکول کی ترجیح کی ترتیب کی درخواست کے لئے درخواست کے سٹیٹس کو "Submitted" میں تبدیل کردیا گیا ہے اور SSPA e-Platform کی طرف سے جاری اعترافی ای میل موصول ہوگئی ہے۔

(xiii) دوسرے اسکول کی ترجیح کی ترتیب کے لیے درخواست جمع کرانے کے لیے مندرجہ بالا مراحل (iii) سے (xii) دہرائیں۔

---

[3] SSPA e-Platform پر دکھائی گئی معلومات اور آپ کے بچے کی شناختی دستاویز کے درمیان تضاد کی صورت میں، براہ مہربانی فوری طور پر اصلاح کے لیے پرائمری اسکول کو مطلع کریں جس میں حاضر ہو رہے ہوں۔

[4] اسکول کی ترجیح کی ترتیب 1 اور اسکول کی ترجیح کی ترتیب 2 کے لیے درخواستوں کے لیے اپ لوڈ کردہ فائلوں کا زیادہ سے زیادہ سائز ہر ایک کے لیے 12.5MB ہے۔ سسٹم PDF فارمیٹ اور مشترکہ امیج فائل فارمیٹس (GIF، BMP، PNG اور JPEG) کو سپورٹ کرتا ہے۔

10. بڑی تعداد میں درخواستوں سے مستعدی سے عہدہ برآ ہونے کے لیے، **SSPA e-Platform پر ہر لاگ ان کو 30 منٹوں تک محدود کیا جاتا ہے**۔ براہ مہربانی 30 منٹوں کے اندر درخواست کے طریقہ کار کو مکمل کریں۔ اگر ضروری ہو تو، والدین "Save as draft" فنکشن استعمال کر سکتے ہیں اور اگلے لاگ ان پر متعلقہ درخواست کو جاری رکھ سکتے ہیں۔

**والدین کو یہ نوٹ کرنا چاہئے کہ اس سے قطع نظرکہ درخواستیں SSPA e-Platform یا کاغذی درخواست فارم کے ذریعہ جمع کرائی گئی ہیں، درخواستیں، ایک بار جمع ہونے کے بعد، بازیافت یا منسوخ نہیں کی جاسکتی ہیں، اور اسکول کی ترجیح کی ترتیب میں کوئی تبدیلی نہیں کی جاسکتی ہے۔**

***(b) کاغذی درخواست فارم میں درخواستیں جمع کرانا***

11. درخواست فارم کو ان طلباء کے استعمال کے لیے بالخصوص تشکیل دیا گیا ہے جو حکومت، اعانتی اور کیپٹ سیکنڈری اسکولز کے ساتھ ساتھ SSPA سسٹم میں شریک DSS سیکنڈری اسکولز (ہینڈبک میں فہرست میں شامل اسکولز) کے لیے DP درخواستیں دے رہے ہوں۔ ہر شریک پرائمری 6 طالب علم شریک پرائمری اسکول کے ذریعے دو درخواست فارمز وصول پاتا یا پاتی ہے۔

12. ہر درخواست فارم چار حصوں میں منقسم ہے: EDB کی کاپی (نیلے میں)، اسکول کی کاپی (سبز میں)، والدین کی کاپی (سرخ میں) اور اسکول کی ترجیح کی ترتیب (اسکول کی ترجیح کی ترتیب 1 پہلی چوائس کی ترجمانی کرتا ہے اور اسکول کی ترجیح کی ترتیب 2 دوسرے انتخاب کی ترجمانی کرتا ہے) (سرخ میں)۔ طالب علم کے کوائف کو درخواست فارم کے ہر حصے میں پہلے سے طبع کیا گیا ہے۔ والدین کی کاپی کو بطور مثال لیں، قبل از طبع معلومات میں ذیل شامل ہیں:

- تفویضی دورانیہ
- طالب علم کا ریفرنس نمبر
- درخواست نمبر
- طالب علم کا نام
- صنف
- تاریخ پیدائش
- پرائمری اسکول جس میں شریک ہو رہا ہو

13. درخواست فارم اور Primary 6 Student Record Form[5] وصول کرنے کے بعد، والدین سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ فوری طور پر پڑتال کریں کہ آیا درج ذیل پہلے سے طبع شدہ معلومات ان کے بچے کی شناختی دستاویز پر موجود ذاتی تفصیلات سے مماثل ہیں:

- طالب علم کا نام
- جنس
- تاریخ پیدائش

ناموافقتوں کی صورت میں، والدین کو اپنے بچے کے پرائمری اسکول کو فوری طور پر ان ترامیم کرنے کے لیے مطلع کرنا چاہیے، جس کی توثیق پرائمری اسکول کی سٹامپ مہر سے کی جانی چاہیے۔ والدین کو خود سے سیکنڈری اسکولز کے درخواست فارم پر پہلے سے طبع شدہ معلومات میں تبدیلی نہیں کرنی چاہیے۔ جس سیکنڈری اسکول میں وہ درخواست دیتے ہیں درخواست فارم کی وصول یابی کے وقت پہلے سے طبع شدہ معلومات میں تبدیلی نہیں کریں گے۔

[5] Primary 6 Student Record Form بطور شناختی دستاویز استعمال کیا جاتا ہے جب طلباء Jockey Club Ti-I College اور NDSS secondary schools میں S1 داخلے کے لیے درخواست دے رہے ہوں۔

14. اگر والدین کاغذی درخواست فارم کے ذریعے DP درخواستیں کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو، انہیں ذیل کے طریقہ کار کی پیروی کرنی چاہیے:

(i) ترجیح کی بنیاد پر درخواست فارم کے چاروں حصوں میں فراہم کردہ خالی جگہوں میں اس سیکنڈری اسکول کا نام پُر کریں جس میں آپ درخواست دے رہے ہیں۔
(ii) تحفیظ اور ریکارڈ کے لیے اسکول کی ترجیح کی ترتیب پر مشتمل حصے کو علیحدہ کر لیں (طلباء سے یہ تقاضا نہیں کیا جاتا ہے کہ وہ ان اسکولوں کو اپنی ترجیح کی ترتیب ظاہر کریں جن کے لیے وہ درخواست دے رہے ہوں)۔ دیگر تین حصوں کو یکجا رکھا جانا چاہیے۔
(iii) EDB کی کاپی، اسکول کا کاپی اور والدین کا کاپی جو کہ ایک ہی درخواست نمبر پر مشتمل ہو(جس میں تمام تین حصے یکجا ہوں) براہ راست اسکول میں ذاتی طور پر جمع کرائیں، ساتھ ہی اسکول کی جانب سے درکار متعلقہ دستاویزات بھی فراہم کریں (مثلاً، تکمیل شدہ اسکول پر مبنی درخواست فارم)۔
(iv) سیکنڈری اسکول کی پڑتال کے لیے طالب علم کی شناختی دستاویز کی اصل پیش کریں۔
(v) آخر میں، تحفیظ اور ریکارڈ کے لیے سیکنڈری اسکول سے والدین کی کاپی وصول کریں جس میں اسکول کی مہر، اسکول کا نام اور اسکول کوڈ موجود ہو۔

**والدین کو نوٹ کرنا چاہیے کہ ایک بار جمع کروانے کے بعد، درخواست کو بازیافت یا منسوخ نہیں کیا جا سکتا ہے کہ اور اسکول کی ترجیح کی ترتیب میں کوئی تبدیلی نہیں کی جا سکتی ہے۔**

15. اگر طلباء **صرف ایک سیکنڈری اسکول کے لیے درخواست دیتے ہیں تو**، درخواست فارم مع اسکول کی ترجیح کی ترتیب 1 کو استعمال کیا جانا چاہیے۔ اگر طالب علم لڑکا/لڑکی ایک ہی اسکول کے لیے اپنے دونوں درخواست فارمز جمع کروائے تو، EDB اسکول کی ترجیح کی ترتیب 1 پر کارروائی کرے گا، اور اسکول کی ترجیح کی ترتیب 2 کو کالعدم تصور کرے گا۔ کوئی بھی غیر استعمال شدہ درخواست فارم قابل منتقلی نہ ہیں۔ والدین درخواست کی مدت کے بعد از خود درخواست فارمز کو رکھ سکتے ہیں یا ختم کر سکتے ہیں۔

16. درج ذیل صورت حالات کے تحت، درخواست فارمز کو سیکنڈری اسکولز کی طرف سے زیر تصرف نہ لایا جائے گا:

- درخواست فارمز بذریعہ ڈاک بھیجے گئے یا حتمی تاریخ کے بعد جمع کرائے گئے ہوں۔
- درخواست فارمز جن میں تفویضی دورانیہ، طالب علم کا ریفرنس نمبر اور درخواست نمبر کے حوالے سے ترامیم کی گئی ہوں
- درخواست فارمز جن میں طالب علم کے نام، صنف اور تاریخ پیدائش میں ترامیم کی گئی ہوں، جو کہ پرائمری اسکول کی سٹیمپ مہر کے بغیر ہوں
- دہرے، خراب شدہ یا نامکمل درخواست فارمز

**اسکول کی جگہوں کی تفویض**

17. شریک سیکنڈری اسکولز اپنے تعلیمی فلسفے اور روایت کی مناسبت سے اپنا داخلے کا معیار تشکیل دے سکتے ہیں۔ انہیں اپنا داخلے کے معیار اور وزنی تناسبات کے ساتھ درخواست کے لیے DP کی تعداد کو عوام کے سامنے لانا چاہیے، جس کی اسکول کے اندر نمایاں جگہ پر نمائش کرنی چاہیے یا داخلے سے قبل تحریری طور پر ہر طالب علم درخواست گزار کو DP درخواست کی مدت سے پہلے فراہم کرنا چاہیے۔ اسکول میں درخواست دینے سے پہلے، والدین کو اسکول کے تمام پہلوؤں پر غور کرنا چاہئے، جیسے اس کا تعلیمی فلسفہ، روایت، مذہب، داخلے کا معیار اور وزنی تناسبات، کلاس کی ساخت، ترقی اور آپریشن، اور ان کے بچوں کی خصوصیات، شخصیات، صلاحیتوں اور دلچسپیوں پر تاکہ مناسب اسکول کا انتخاب کیا جا سکے۔ اسکول انٹرویو کا اہتمام کرسکتے ہیں ، لیکن کسی بھی شکل میں کوئی تحریری ٹیسٹ منعقد نہیں کیا جانا چاہئے۔

18. تمام شریک سیکنڈری اسکولوں (بشمول Jockey Club Ti-I College) سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ، DP درخواستوں پر کارروائی کے بعد، تمام کامیاب درخواست گزاروں کے والدین کو ان کے بچوں کی صوابدیدی جگہوں کی کامیاب فہرستوں میں شمولیت کی بابت بذریعہ خط اور فون **31 مارچ 2025**[6]کو اطلاع دیں۔ اسکولوں سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ اطلاعاتی انتظامات سے والدین کو عمدہ طور پر باخبر رکھیں، اور پیشگی طور پر والدین سے رابطہ کی معلومات جمع کر لیں۔ یہ اطلاعاتی انتظامات ریزرو اور ناکامیاب درخواست گزاروں کے لیے لاگو نہ ہیں، **اور نہ ہی اطلاعات حتمی ایلوکیشن کے نتائج کی حیثیت رکھتی ہیں**۔ متعلقہ والدین کو سیکنڈری اسکولوں کو جواب دینے کی ضرورت نہیں ہے کہ آیا وہ پیشکش قبول کریں گے یا نہیں۔

19. اگر وہ والدین جو کہ شریک سیکنڈری اسکولوں سے اطلاعات وصول پاتے ہیں نے بچوں کے لیے NDSS secondary school میں اسکول کی جگہ پر بھی درخواست دی ہو اور وہ اپنی درخواست میں کامیاب ہوتے ہیں تو، انہیں **8 اپریل 2025 کو یا اس سے قبل** تک یہ فیصلہ کرنا چاہیے کہ آیا انہیں NDSS secondary school کی طرف سے اسکول میں جگہ رکھنی ہے۔ اگر والدین NDSS secondary school کی طرف سے پیشکش کردہ اسکول کی جگہ رکھنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو، انہیں شریک سیکنڈری اسکولوں کی طرف سے اطلاعات کو نظرانداز کر دینا چاہیے۔ اگر وہ NDSS secondary school کی جانب سے پیشکش کو مسترد کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو انہیں متعلقہ NDSS secondary school کو مطلع کرنا چاہیے اور کامیابی سے حاصل کردہ DP کو برقرار رکھنے کے لیے **8 اپریل 2025 کو یا اس سے پہلے** دستخط شدہ والدین کے حلف نامے اور Primary 6 Student Record Form کی اصل بازیافت کرنی چاہیے۔ متعلقہ دستاویزات کی بازیافت اس بات کی تصدیق کے طور پر کام کرے گی کہ متعلقہ والدین نے پہلے سے NDSS secondary school کے ذریعہ پیش کردہ S1 اسکول کی جگہ کو ترک کردیا ہے۔

20. شریک سیکنڈری اسکولوں کی طرف سے جمع کرائی گئی صوابدیدی جگہوں کی کامیاب فہرستوں کی بنیاد پر، EDB ہر شریک پرائمری اسکول کو کامیاب DP درخواست دہندگان کے طور پر مطلع شدہ طلباء کی فہرست فراہم کرے گا (جو کہ متعلقہ سیکنڈری اسکولوں کے نام ظاہر نہیں کرے گی اور یہ کہ آیا طلباء کو ایک یا دو سیکنڈری اسکولوں کے ذریعہ کامیاب درخواست دہندگان کے طور پر منتخب کیا گیا ہے) اپریل 2025 کے اوائل میں۔

21. پیراگرافس 18 تا 20 میں مذکورہ انتظامات انتظامی اقدامات ہیں اور موجودہ SSPA طریق کار میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔ ہر درخواست میں طالب علم کی اسکول کی ترجیح کی ترتیب کی شناخت کے لیے ایک منفرد نمبر ہوتا ہے۔ EDB صوابدیدی جگہوں کے لیے اسکولوں کی کامیاب/ریزرو فہرستوں کے مقابل طلباء کی ترجیحات کا جائزہ لے گا۔ اگر کوئی طالب علم ان دونوں اسکولوں میں کامیاب ہوتا ہے جن میں وہ لڑکا/لڑکی درخواست دیتا یا دیتی ہے، اور اس لڑکا/لڑکی نے کسی بھی NDSS secondary school سے اسکول کی جگہ قبول نہیں کی ہے تو، اس لڑکا/لڑکی کو اس لڑکا/لڑکی کی اسکول کی ترجیح کی ترتیب سے موافق اس لڑکا/لڑکی کی پہلی پسند کے اسکول کی ایک S1 جگہ مختص کی جائے گی۔

22. DP درخواست میں کامیاب ہونے والے طلباء کو CA میں دوبارہ اسکول کی جگہ تفویض نہیں کی جائے گی۔ جو لوگ DP حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہوئے ہیں انہیں CA میں جگہ دی جائے گی۔ اگر والدین نے ایک سیکنڈری اسکول میں درخواست دی ہے جو آخر کار اس تفویضی دورانیے میں SSPA سسٹم کے تحت S1 جگہیں پیش نہیں کرتا تو، اس درخواست پر کارروائی نہیں کی جائے گی۔

[6] ایسے والدین جو کہ SSPA e-Platform صارفین کے طور پر مندرج ہوں، وہ اسی دن صبح 10 بجے سے SSPA e-Platform کے ذریعے کامیاب DP درخواست گزاروں کے لیے بھی اطلاعات دیکھ سکتے ہیں۔

.23 جن والدین نے اپنے بچوں کے لیے DP کے لیے درخواست نہیں دی ہے، یا صوابدیدی جگہوں کے لیے کامیاب فہرستوں میں اپنے بچوں کے شامل کیے جانے کے حوالے سے شریک سیکنڈری اسکولوں کی طرف سے اطلاع موصول نہیں ہوئی ہے، انہیں چاہیے کہ وہ مئی 2025 کے اوائل میں اپنے پرائمری اسکولوں کے ذریعے کماحقہ مکمل شدہ سیکنڈری ون چوائس آف اسکولز فارم (Choice Form) EDB کو جمع کرائیں۔ یہ اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ اگر طلباء کی DP درخواستیں کامیاب نہیں ہوئی ہیں تو انہیں CA کے ذریعے S1 جگہیں مختص کی جائیں گی۔ **صوابدیدی جگہوں کے لیے کامیاب فہرستوں میں اپنے بچوں کی شمولیت کے بارے میں شریک سیکنڈری اسکولوں کی طرف سے مطلع کیے جانے والے والدین کو اسکول کے انتخاب کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ انہیں صرف متعلقہ باکس پر ٹک کا نشان لگانا ہوگا، اسکول کے انتخاب کے حصے پر لکیر کھینچنی ہوگی، رابطہ کی معلومات کو پُر کرنے کے بعد Choice Form پر دستخط کرنا ہوں گے اور Choice Form کو ان اسکولوں کو واپس کرنا ہوگا جہاں ان کے بچے جاتے ہیں۔ DP اور CA کے نتائج کا اجرا بیک وقت 8 جولائی 2025 کو کیا جائے گا**[7]۔ والدین کو نتائج کے اعلان سے پہلے ان اسکولوں سے پوچھ گچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہے جن میں وہ درخواست دیتے ہیں[8].

**درخواست فارم کی تبدیلی کے لیے درخواست**

.24 خراب شدہ یا گم شدہ درخواست فارم کی تبدیلی ذاتی طور پر سکول پلیس ایلوکیشن (SPA) سیکشن سے حاصل کی جا سکتی ہے۔ شناختی دستاویزات کی اصل جو درخواست گزار کا سٹوڈنٹ ریفرنس نمبر دکھاتی ہوں پڑتال کے لیے تبدیلی کے وقت پیش کی جانی چاہئیں۔ فی تبدیلی HK$125 کی فیس لی جائے گی۔ اگر درخواست فارم کی کلیم شدہ گمشدہ دستاویز بالعوض کاپی کے اجراء کے بعد مل جائے تو، والدین کو چاہیے کہ وہ متبادل کاپی استعمال کریں اور جو مل گئی ہو اسے ضائع کر دیں۔ والدین کو ایک سے زیادہ سیکنڈری اسکولوں میں درخواست دینے کے لیے اسکول کی ترجیح کی ایک ہی ترتیب والے درخواست فارمز کا استعمال نہیں کرنا چاہیے، بصورت دیگر، ان کے بچے کی DP درخواستوں کو باطل قرار دیا جائے گا۔

**استفسارات**

.25 مزید استفسارات کے لیے، والدین اپنے بچوں کے پرائمری اسکولز سے مشاورت کر سکتے ہیں یا EDB کے SPA سیکشن(SSPA) سے رابطہ کر سکتے ہیں یا 7740 2832 یا 7700 2832 پر کال کر سکتے ہیں۔

اسکول پلیسز ایلوکیشن سیکشن
ایجوکیشن بیورو
دسمبر 2024

[7] پرائمری اسکولوں کے لیے تفویضی نتائج کو جمع کرنے کی تاریخ 7 جولائی 2025 ہے۔ اگر EDB نے ٹراپیکل سائیکلون وارننگ سگنل پری نمبر 8/نمبر 8 یا اس سے زائد کے جاری کرنے کی وجہ سے اس دن کی صبح اسکولوں کو بند کرنے کا اعلان کیا ہو تو، تفویضی نتائج کی جمع آوری 8 جولائی 2025 تک ملتوی کر دی جائے گی۔ تفویضی نتائج کا اعلان 8 جولائی 2025 تا 9 جولائی 2025 تک اسی مناسبت سے ملتوی کر دیا جائے گا۔ اگر تفویضی نتائج کے اعلان کے دن کی صبح (یعنی 8 جولائی 2025) کو، EDB نے ٹراپیکل سائیکلون وارننگ سگنل پری-نمبر 8/نمبر 8 یا اس سے زائد کے جاری ہونے کی وجہ سے اسکولوں کو بند کرنے کا اعلان کیا ہے یا سرخ یا سیاہ بارش کے وارننگ سگنل کے باعث ایسا کیا ہے، یا حکومت 'انتہائی خراب حالات' کا اعلان کرتی ہے، تو تفویضی نتائج کا اعلان اگلے اسکول کے دن تک ملتوی کر دیا جائے گا۔

[8] ایسے والدین جو SSPA e-Platform صارفین کے طور پر مندرج ہوں، وہ اسی روز صبح 10 بجے سے SSPA e-Platform کے ذریعے تفویضی نتائج دیکھ سکتے ہیں۔